**12.07.2025**

**13.50 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ..........................آسیہ میمونہ

**Music**

1 وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ روزگار میلے سے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے سرکار کے عزم کا اظہار ہوتا ہے تاکہ وہ وکست بھارت کیلئے اپنا کردار ادا کرسکیں۔ انھوں نے 51 ہزار سے زیادہ تقرری نامے جاری کیے۔

2 احمدآباد کے ہوائی حادثے کی ابتدائی تفتیش سے پتہ چلا ہے کہ ایئر انڈیا کے ہوائی جہاز کے انجنوں کو ایندھن کی سپلائی بند ہوگئی تھی، جس کے نتیجے میں تباہ کن حادثہ پیش آیا۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ متعلقہ افراد سے مزید شہادتیں طلب کی جارہی ہیں۔

3 بھارت کے موسمیات کے محکمے نے اگلے چار پانچ دن کے دوران ملک کے وسطی اور ملحقہ شمال مغربی علاقوں میں بہت تیز بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔

4 آج رات لندن میں ومبلڈن ٹینس میں خواتین کے سنگلز کے اعزاز کے لئے Iga Swiatek کا مقابلہ Amanda Anisimova کے ساتھ ہوگا۔

5 اور آج بھارت، انگلینڈ کے خلاف کرکٹ ٹیسٹ میچ کے تیسرے دن تین وکٹ پر 145 رن سے اپنی پہلی اننگز کا کھیل آگے شروع کرے گا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM Rozgar Mela**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ روزگار میلہ حکومت کے نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور انہیں وکست بھارت کی تعمیر میں محرک بنانے کے عزم کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج دنیا بھی تسلیم کرتی ہے کہ بھارت کے پاس دو عظیم طاقتیں ہیں۔ ایک اُس کی جمہوریت اور دوسرے اُس کے نوجوان۔ وزیر اعظم نریندر مودی آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے 16ویں روزگار

میلے میں مختلف سرکاری محکموں میں نئے بھرتی کئے گئے نوجوانون کو 51 ہزار سے زیادہ تقرری نامے تقسیم کئے جانے کے بعد اظہار خیال کررہے تھے۔

نئے بھرتی کئے گئے نوجوانوں کو مبارکباد دیتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ حکومت کی روزگار میلہ پہل کے تحت لاکھوں نوجوان پہلے ہی مرکزی حکومت میں مستقل نوکری حاصل کرچکے ہیں۔

انہوں نے مزید کہا کہ یہ نوجوان اب قوم کی تعمیر میں اہم کردار ادا کررہے ہیں۔

**SB- PM**

جناب مودی نے اِس بات پر بھی زور دیا کہ اسٹارٹ اپس، جدت طرازی اور تحقیق کا بڑھتا ہوا ماحولیاتی نظام کا بھی ملک میں فروغ پا رہا ہے اور نوجوانوں کی صلاحیتوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔

وزیر اعظم نے حکومت کے نجی شعبے میں روزگار کے نئے مواقع تشکیل دینے پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے حال ہی میں روزگار سے جڑی ایک نئ ترغیبی اسکیم کو منظوری دی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اِس پہل کے لئے حکومت نے تقریباً ایک لاکھ کروڑ روپے مختص کئے ہیں اور اس اسکیم سے 3 کروڑ 50 لاکھ نوکریاں پیدا کرنے میں مدد حاصل ہوئی ہے۔

انہوں نے اِس بات پر بھی زور دیا کہ بھارت کی سب سے بڑی طاقتوں میں سے ایک، اُس کا مینوفیکچرنگ کا شعبہ ہے اور یہاں بڑی تعداد میں نئ ملازمتیں پیدا ہورہی ہیں۔

انہوں نے یہ بھی بتایا کہ مینوفیکچرنگ شعبے کو فروغ دینے کے لئے مشن مینوفیکچرنگ کو اِس سال کے بجٹ میں شامل کیا گیا ہے۔

انہوں نے اس بات کا بھی تذکرہ کیا کہ صرف PLI اسکیم کے ذریعے ہی ملک بھر میں 11 لاکھ سے زیادہ نوکریاں پیدا کی گئ ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ آج ملک میں 11 لاکھ کروڑ روپے کی الیکٹرانک مینوفیکچرنگ ہورہی ہے۔ وزیر اعظم نے اِس بات کو بھی اجاگر کیا کہ ملک دفاعی مینوفیکچرنگ میں نئے ریکارڈس قائم کررہا ہے اور بھارت کی دفاعی پیداوار ایک لاکھ 25 ہزار کروڑ روپے سے تجاوز کرگئ ہے۔

**SB-PM**

جناب مودی نے بین الاقوامی لیبر آرگنائزیشن ILO کی ایک حالیہ رپورٹ کا بھی حوالہ دیا جس میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ دہائی کے دوران ملک بھر کے 90 کروڑ سے زیادہ باشندوں کو بہبود کی اسکیموں کے دائرے میں لایا گیا ہے۔ اِس بات کو اجاگر کرتے ہوئے کہ آج ورلڈ بینک جیسے بڑے عالمی ادارے بھارت کی ستائش کررہے ہیں، جناب مودی نے کہا کہ بھارت کو دنیا کے اُن ممالک میں شمار کیا جارہا ہے جہاں مساوات کی سطح سب سے زیادہ ہے۔

**SB-PM**

آج ملک بھر میں 47 مقامات پر روزگار میلہ منعقد کیا گیا۔ نئے بھرتی کئے گئے افراد، جس میں ریلوے، مالیے، عملے اور عوامی شکایات، داخلی امور کی وزارت، ڈاک کے محکمے، اعلیٰ تعلیم کے محکمے، محنت اور روزگار کے محکمے سمیت مرکزی حکومت کی مختلف

وزارتوں اور محکموں میں شامل ہوں گے۔ ملک بھر میں اب تک روزگار میلوں کے ذریعے 10 لاکھ سے زیادہ تقرری نامے جاری کئے جاچکے ہیں۔ x

**PM UNESCO Heritage**

وزیر اعظم نریندر مودی نے مراٹھا فوجی منظرنامے کو یونیسکو کے عالمی ورثے کی فہرست میں شامل کئے جانے کی ستائش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ ہر بھارتی کو اِس اعزاز پر فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ مراٹھا فوجی منظرنامہ 12 شاندار قلعوں پر مشتمل ہے جن میں سے گیارہ مہاراشٹر میں اور ایک تملناڈو میں ہے۔

انہوں نے کہا کہ مراٹھا سلطنت اچھی حکمرانی، فوجی طاقت، ثقافتی فخر اور سماجی بہبود سے منسلک ہے۔ وزیر اعظم نے مزید کہا کہ عظیم حکمرانوں نے ملک کے شہریوں کو کسی بھی نا انصافی کے آگے نہ جھکنے کی ترغیب دی۔ جناب مودی نے شہریوں سے اِن قلعوں کو دیکھنے اور مراٹھا سلطنت کی شاندار تاریخ کے بارے میں جاننے کی اپیل بھی کی۔ x

**Air India Carsh**

طیارہ حادثے کے تحقیقاتی بیورو AAIB نے ایئر انڈیا کے اُس طیارہ حادثے کی تحقیقات کی، 15 صفحات پر مشتمل ابتدائی رپورٹ کَل رات جاری کردی، جس میں پچھلے مہینے کی 12 تاریخ کو احمد آباد میں 260 افراد ہلاک ہوگئے تھے۔ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ طیارے کے انجن میں ایندھن پہنچنا بند ہوگیا تھا۔

AAIB نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ جیسے ہی طیارے نے پرواز شروع کی، ایک سیکنڈ میں ہی، طیارے کے ایندھن کو کنٹرول کرنے والے دونوں انجن RUN کی پوزیشن سے کٹ آف پوزیشن میں آگئے اور پھر بند ہوگئے، جس کی وجہ سے یہ المناک حادثہ پیش آیا۔ جہاز کے روانہ ہوتے ہی تقریباً تیس سیکنڈ تک پرواز چلی تھی۔

رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ Bowsers اور ٹینکس سے ایندھن کے نمونے لئے گئے، جن کی شہری ہوا بازی سے متعلق ڈائریکٹوریٹ جنرل کی لیباریٹری میں جانچ کی گئی، جو اطمینان بخش پائی گئی۔ البتہ APU فلٹر سے محدود مقدار میں ہی ایندھن ملا تھا۔

شہری ہوابازی کے وزیر رام موہن نائیڈو نے کہا ہے کہ یہ ابتدائی چھان بین پر مبنی ہے۔ انھوں نے عوام پر زور دیا کہ جب تک حتمی رپورٹ نہ آجائے کوئی نتیجہ اخذ نہ کریں۔

**1400-Ram Naidu- Plane Crash**

رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ دونوں ہی پائلٹوں کو پرواز سے پہلے آرام کا وقت دستیاب تھا۔ تحقیقاتی ٹیم مزید شواہد کا جائزہ لے گی، جن کی متعلقہ فریقوں سے مانگ کی گئی ہے۔x

**Amit Shah Kerala Visit**

داخلی امور کے مرکزی وزیر اور بی جے پی کے سینئر رہنما امت شاہ نے آج تروانت پورم میں بی جے پی کی نئی سرکاری دفتر کی عمارت کا افتتاح کیا۔ جناب شاہ نے نئی عمارت کے مرکزی ہال میں بی جے پی کے سابق ریاستی صدر K.G. Marar کے کانسے کے مجسمے کی نقاب کشائی کی اور دفتر کے احاطے میں ایک پودا بھی لگایا۔ریاستی صدر راجیو چندر شیکھر سمیت بی جے پی کے سینئر رہنماؤں نے اِس تقریب میں شرکت کی۔ جناب شاہ اب سے کچھ دیر بعد ترواننتاپورم میں Putharikandam میدان میں بی جے پی کے وارڈ سطح کے لیڈروں کی میٹنگ سے خطاب کریں گے۔ توقع ہے کہ کیرالہ کے جنوبی اضلاع سے تقریباً 36 ہزار لیڈرس اِس میٹنگ میں شرکت کریں گے جو ریاست میں آئندہ بلدیاتی انتخابات سے قبل ہورہی ہے۔

**Sitaraman Meghaliya**

مرکزی وزیرخزانہ نرملا سیتا رمن نے کل میگھالیہ میں ایک ہزار 87 کروڑ 81 لاکھ روپے مالیت کے کئی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور افتتاح کیا۔ اِن پروجیکٹوں کی بدولت ریاست میں دور رس تبدیلیاں آئیں گی۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے محترمہ سیتا رمن نے وزیراعلیٰ Conard k Sangma کی زیر قیادت میگھالیہ کی جرأت مندانہ قیادت اور بتدریج ترقی کی ستائش کی۔ محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ میگھالیہ میں اُس پانچ ہزار 400 کروڑ روپے کی رقم کا پورا پورا استعمال کیا گیا ہے، جو اُسے ریاستوں کے لئے سرمایہ کاری کی خصوصی امداد کے طور پر دیئے گئے تھے۔x

**MEA - Counter**

عالمی امن اور سیکورٹی کی معاملے پر کاربند رہنے کے اپنے عزم کا مظاہرہ کرتے ہوئے بھارت نے انسداد دہشت گردی سے متعلق ورکنگ گروپوں کے توسط سے 26 ملکوں کے ساتھ اپنا تعاون و اشتراک مزید بڑھا دیا ہے۔ وزارت خارجہ کی 2024 کی سالانہ رپورٹ میں یہ بات بتائی گئی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ دہشت گردی کی روک تھام کے لئے بھارت BIMSTEK، G-20، آسیان علاقائی فورم، SCO، BRICS، یوروپی یونین، FATF اور QUAD فورم کے ساتھ مل کر کام کررہا ہے۔ انسداد دہشت گردی کے بارے میں امریکہ، قزاخستان، فرانس، یوروپی یونین، برطانیہ، جاپان، آسٹریلیا، انڈونیشیا، سعودی عرب اور روس کے ساتھ مشترکہ ورکنگ گروپوں کی میٹنگیں کی گئیں۔

بھارت نے منشیات کے ناجائز دھندے اور بردہ فروشی کی روک تھام کے سلسلے میں BIMSTEK کے ذیلی گروپ کی آٹھویں میٹنگ کی میزبانی کے فرائض انجام دیئے۔

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے اگلے 4 سے 5 روز کے دوران ملک کے وسطی اور شمال مغرب سے متصل علاقوں میں شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق آج مشرقی راجستھان اور مدھیہ پردیش کے دور دراز کے مقامات پر زوردار بارش ہونے کا امکان ہے۔

موسمیات سے متعلق محکمے نے کہا ہے کہ آسام، میگھالیہ، چھتیس گڑھ، ساحلی کرناٹک، گجرات، ہماچل پردیش، کیرالہ، ماہے، اترپردیش ، اتراکھنڈ اور مغربی راجستھان میں آج دو دور تک موسلا دھار بارش ہوگی۔ x

## Wimbeldon

ومبلڈن ٹینس میں، آج خواتین کے سنگلز کا فائنل مقابلہ 5 مرتبہ کی گرینڈ Slam چمپئن ایگاشواٹیک اور تیرہویں درجہ بندی کی حامل Amanda Anisimova کے درمیان کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے آٹھ بجے سے لندن کے سینٹر کورٹ میں کھیلا جائے گا۔

دوسری جانب مردوں کے سنگلز مقابلوں میں عالمی نمبر ایک Jannik Sinner نے کل رات کھیلے گئے سیمی فائنل میچ میں 7 مرتبہ کے چیمپئن نوواک جوکووِچ کو 6-3, 6-3, اور 6-4 سے شکست دی۔ اب Sinner کا خطابی مقابلہ کل عالمی نمبر دو اسپین کے کارلوس الکاراز سے ہوگا۔×

## Test Cricket IND vs ENG

کرکٹ میں، لندن کے لارڈس میں جاری اینڈرسن تیندولکر ٹرافی کے تیسرے ٹیسٹ میچ کے تیسرے دن آج بھارت اپنی پہلی اننگز میں میزبان انگلینڈ کے خلاف تین وکٹ پر 145 رن کے گزشتہ کل کے اسکور سے آگے کھیلنا شروع کرے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔ بھارتی ٹیم فی الحال 242 رن سے پیچھے ہے۔ اس سے پہلے انگلینڈ کی ٹیم اپنی پہلی اننگز میں 387 رن پر آل آؤٹ ہوگئی تھی۔×